© rasailojaraid.com



مولانا سمیع الحق / عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرۂ کتب

| | |
|---|---|
| ماہنامہ الاسلام برطانیہ اولاد و نسل نمبر | مدیر الحاج ابراہیم یوسف باوا۔ صفحات ۱۹۶۔ پتہ۔ ادارہ اشاعت الاسلام 15 STRATTON ROBO GLOUCESTER U.K |

یورپ کی ظلمتوں، مادیت کی یلغار، خدا سے انکار، انسانی اقدار سے فرار، شرم وحیا اور شرافت سے بغاوت اور بہیمیت و درندگی کے سیاہ اور فرسودہ و متعفن ماحول میں مخدوم محترم حضرت مولانا ابراہیم یوسف باوا صاحب رنگونی مدظلہ کا ماہنامہ "الاسلام" اس کے گراں قدر مضامین، وقیع تحریریں، موصوف کی تالیفات علمی کاوشیں بالخصوص "الاسلام" کا اولاد و نسل نمبر ایک روشنی کے چراغ اور ہدایت کے مینار سے کسی طرح بھی کم نہیں۔ موصوف ۱۵ سال سے ظلمت کدہ یورپ میں چراغ ہدایت لئے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ کا کامیاب کام کر رہے ہیں اور اس قلیل ترین مدت میں تنہا بحمداللہ اتنا کام کر چکے ہیں جو پوری پوری انجمنیں اور اکیڈمیاں ہی سرانجام دے سکتی ہیں۔ اس کی وجہ موصوف کا اخلاص، للہیت، درد دل، سوزِ دروں، دین سے سچا تعلق اور جنون اور دین کے کام کی تکمیل کی وارفتگی ہے۔ بس یہ تو اللہ ہی کا نظر انتخاب ہوتا ہے جس کو چاہتا ہے اپنی رضا کے کام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کی ترویج و اشاعت پر لگا دیتا ہے ؎

قسمت کیا ہر ایک کو قسام ازل نے
جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا

موصوف کو تاریخ دعوت وعزیمت کے عظیم رجال کار سے تعلق خاطر ہے اور مشائخ وعلماء امت سے عقیدت سے بڑھ کر محبت اور وارفتگی ہے، ریحانۃ العصر شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ، حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیبؒ، محدث العصر شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ، داعی کبیر مولانا سید ابوالحسن علی ندوی اور دیگر اکابر اور ان کی توجہ و دعائے پرخلوص سے موصوف اصلاح و ترویج شریعت کی غرض سے دسیوں کتابیں لکھنے اور ان کی اشاعت و تقسیم میں کامیاب رہے۔

اور اب موصوف ایک ضخیم کتاب "الاسلام کا اولاد و نسل نمبر" نکالنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں مضامین کا انتخاب تو ہر لحاظ سے قابلِ تعریف ہے۔ خود موصوف نے اداریہ تحریر اور ذاتی تجربات، مشاہدات سے جو



© rasailojaraid.com